متاع وقت اور کاروان علم

مکتبہ حلیمیہ کراچی کا تازہ علمی پیش کش ہے حضرت مولانا محمد اسلم شیخوپوری مدظلہ العالی کی سرپرستی و رہنمائی میں قائم ہونے والا یہ نوازئیدہ ادارہ قابل رشک حد تک روبہ ترقی ہے اس کی اشاعتیں علمی تحقیقی اور دینی اعتبار سے نافع ہی نافع ہیں متاع وقت اور کاروان علم تو ہے ہی اپنی مثال آپ ، جواں سال مولف ابن الحسن عباسی نئے اچھوتے اور دلچسپ اور دلکش انداز سے وقت کی اہمیت ،ضرورت ، قدر و قیمت اور اسے استعمال میں لانے کے مستحق طریقوں کو اکابر اساطین علم وادب ،مشائخ ، سلف صالحین اور ممتاز علمی و دینی شخصیات کے حوالے سے ایک تجربہ کار اتالیق کی طرح اپنے قارئین کے فکر و ذہن کے زاویوں میں بٹھاتے چلے جاتے ہیں کتاب کے نام سے اگرچہ کتاب کی اہمیت ظاہر تھی مگر جب پڑھنا شروع کی تو کھو گیا جب کر فارغ ہوا تو ماضی کے کھوئے ہوئے تمام اوقات پر حسرت وندامت ، حال میں سمجھ لیے اور مستقبل میں اوقات کو ملحوظ رکھ کر چلنے کا عزم کا نقد ثمرہ دامن میں تھا۔ وقت کی قدر، زندگی کی اہمیت ، اہل علم کا ذوق مطالعہ ، بلند ہمتی تحصیل علم میں محنت اور پختہ عزم کا احساس تازہ مل جائے تو اس سے بڑھ کر نعمت اور کیا ہو سکتی ہے ، ڈاکٹر محمد عادل خان مدیر الفاروق (عربی انگریزی) کے مقدمہ مولانا محمد اسلم شیخوپوری مدیر الاشرف کے پیش لفظ کی افادیت اس پر مستزاد، اور نور علی نور، کتابیات کے حوالہ سے ۷۵ کتابوں سے استفادہ گویا وقت کی قدر و قیمت کے یہ جواہر ریزے اور حسین واقعات ہزاروں صفحات کا نچوڑ ہے ۔ کمپوٹر کتابت ،صفحات ۲۵۶، عمدہ طباعت مضبوط اور خوبصورت جلد بندی ۔ ملنے کا پتہ ! مکتبہ حلیمیہ متصل جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی ۱۶/ ۔

مجلس صیانۃ المسلمین کا تاریخی پس منظر

حضرت مولانا وکیل احمد شیروانی کی علمی اور تاریخی کاوش ہے جس میں مجلس کا قیام ،پس منظر ،تدریجی ارتقار اور اس کی تاریخی و اصلاحی خدمات کی مفصل روئیداد بیان کی گئی ہے مجلس صیانۃ المسلمین کی بنیاد حکیم الامت حضرت تھانویؒ نے رکھی تھی پاکستان میں حضرت تھانویؒ کے خلیفہ اجل حضرت مولانا جلیل احمد شیروانی نے اس کو آگے بڑھایا اور حضرت مولانا وکیل احمد شیروانی مدظلہ اس کے روح رواں ہیں ، مجلس کی خدمات ،اشاعت دین ،تزکیہ وتصوف اور تالیفات ومطبوعات کا سلسلہ روز افزوں اور روبہ ترقی ہے پیش نظر کتاب اسی پیش رفت کا ایک علمی مظہر ہے ارباب ذوق اور اہل علم کے لیے ایک نادر علمی تحفہ ہے عمدہ طباعت ، خوبصورت جلدی اور ۲۸۰ صفحات پر مشتمل یہ کتاب مجلس صیانۃ المسلمین جامعہ اشرفیہ فیروز پور روڈ لاہور سے دستیاب ہے ۔